## سبق نمبر ۶:۔ نوبل انعام کی کہانی

**(۱) فرہنگ:۔ کتاب میں دیئے گئے الفاظ کے جملے بنایئے۔**

**(۲) سوالات۔**

سوال نمبر ۱:۔ نوبل پرائز کس کے نام پر دیا جاتا ہے؟

جواب:۔ نوبل پرائز الفرڈ نوبل کے نام پر دیا جاتا ہے۔

سوال نمبر ۲:۔ ہندستان میں ادبی انعام کسے ملا؟

جواب:۔ ہندستان میں ادبی انعام رابندر ناتھ ٹیگور کو ۱۹۱۳ء میں ان کی کتاب 'گیتانجلی' کے لئے ملا۔

سوال نمبر ۳:۔ نوبل انعامات پہلے کن کن موضوعات پر دیے جاتے تھے؟

جواب:۔ نوبل انعامات پہلے ادب، امن، فزیکس، کیمسٹری، ادویات میں نمایاں کام کرنے پر دئے جاتے تھے۔

سوال نمبر ۴:۔ الفرڈ نوبل نے کون سا ایسا کام کیا جس سے اس نے غیر معمولی دولت حاصل کی؟

---

جواب:۔ الفرڈ نوبل نے ڈائنامائٹ ایجاد کیا جس کی ذرا سی مقدار بڑے بڑے پہاڑ کو منٹوں میں اڑا سکتی ہے۔ وہ بڑا محنتی آدمی تھا، دن رات کی محنت سے اس نے غیر معمولی دولت حاصل کی۔

سوال نمبر ۵:۔ الفرڈ نوبل کہاں کے رہنے والے تھے؟

جواب:۔ الفرڈ نوبل سویڈن کے رہنے والے تھے۔

یہ کیسے معلوم ہوا:۔

(ا) الفرڈ نوبل جنگ سے نفرت کرتا تھا۔

جواب:۔ الفرڈ نوبل نے ڈائنامائٹ ایجاد کر کے انسانوں کو فائدہ پہچانے کی غرض سے اس چیز کو سامنے لایا تا کہ انسانوں کی زندگی آسان ہو جائے۔ اس سے پہاڑوں اور چٹانوں کو توڑا جا سکے اور پتھر نکل سکے لیکن اس کا بھائی ڈائنامائٹ کا گولہ پھٹنے سے مر گیا اور بستیوں کی بستیاں اجڑ گئیں۔ جس کی وجہ سے وہ جنگ سے نفرت کرتا تھا۔

(ب) الفرڈ نوبل اپنے کارکنوں اور مزدوروں کا خیال رکھتا تھا۔

جواب:۔ انہوں نے اپنے کارکنوں اور مزدوروں کے لئے مکان بنوائے۔

(ج) الفرڈ نوبل لالچی نہ تھا

جواب:۔ اس نے آخری وقت میں وصیت کی تھی کہ ان کی آمدنی سے ہر سال انعامات دئے جائیں جس سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ وہ لالچی نہ تھا۔

**(۳) مندرجہ ذیل شعبوں میں نوبل انعامات جن لوگوں کو ملے ان کے نام کے سامنے لکھیں:**

(۱) نباتیات اور فزیکس (۲) ادب (۳) ادویات (۴) اقتصادیات

**(۴) خالی جگھوں کو پر کیجئے۔**

(۱) ادویات (۲) ۱۸۹۴ء (۳) ڈائنامائٹ (۴) شامل

(۵) نفرت (۶) انعامات

**(۵) تلاش کیجئے۔ (خود کیجئے)**

**(۶) پڑھیے اور جملوں میں استعمال کیجئے۔ (خود کیجئے)**